# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 10 January-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۰/جنوری ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

**** **** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا آئندہ 28 جنوری سے ہوگا آغاز۔

☆ راشٹریہ جنتا دَل کے سربراہ لالو پرساد یادو کے خلاف الزامات طئے کرنے کا دہلی کی عدالت کا حکم۔

☆ میونسپل انتخابات کی تشہیر کیلئے سیاسی جماعتوں کا ڈیجیٹل تشہیر پر زور۔

اور۔۔۔☆ حیدرآباد مکتی سنگرام کی جدوجہد میں خواتین کے تعاون پر جامع تحریروں کی ضرورت-معروف مؤرخ ڈاکٹر اوما چکرورتی کا اظہارِ خیال۔

**** **** *****

اب خبریں تفصیل سے...

پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا آئندہ 28 جنوری سے آغاز ہوگا۔ پارلیمانی اُمور کے وزیر کرین رِجیجو نے سماجی رابطوں کے ذریعے یہ جانکاری دی۔ رِجیجو نے بتایا کہ بجٹ اجلاس کا پہلا سیشن 13 فروری کو ختم ہوگا، جبکہ 9 مارچ سے دوسرا سیشن کا آغاز ہوگا' جو 2 اپریل تک جاری رہے گا۔

**** **** *****

وزارتِ اطلاعات ونشریات کی اس سال تنظیمِ نو کی جائے گی۔ اطلاعات ونشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے دہلی میں یہ اعلان کیا۔ اسکے تحت ایک نیا طریقۂ کار وضع کرنے کے علاوہ تخلیق کاروں کی نئی نسل کو جدید ٹیکنالوجی سے جوڑنا بھی شامل ہے۔ دریں اثنا، ویشنو کے ہاتھوں کل نئی دہلی میں کریئٹرس کارنر کا افتتاح عمل میں آیا۔ اس اقدام کا مقصد ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر تخلیقی مواد کو فروغ دینا اور اس کی ترویج واشاعت کرنا ہے۔

**** **** *****

نئی دہلی کی ایک عدالت نے راشٹریہ جنتا دل کے سربراہ اور ریلوے کے سابق وزیر لالو پرساد یادو، ان کے اہل خانہ اور دیگر کے خلاف اراضی گھوٹالہ معاملے میں فردجرم دائر کرنے کا حکم دیا ہے۔ خصوصی جج وشال گوگنے نے اس الزام کو قبول کیا کہ لالو پرساد یادو نے ریلوے وزیر رہتے ہوئے نوکریوں کے بدلے زمین حاصل کی۔ عدالت نے ان الزامات کو آئندہ 23 جنوری تک حتمی شکل دینے کا حکم دیا ہے۔

**** **** *****

ریاست میں میونسپل کارپوریشنز انتخابات کی تشہیری مہم میں تیزی آچکی ہے۔ تمام سیاسی جماعتوں کے امیدوار اور قائدین رائے دہندگان تک پہنچنے کیلئے ڈیجیٹل آلات اور ٹیکنالوجی سمیت مختلف ذرائع کا استعمال کررہے ہیں۔ پونے میونسپل کارپوریشن انتخابات کی مہم کیلئے بی جے پی مرکزی اور ریاستی حکومتوں کی مختلف فلاحی اسکیموں کو اے آئی ٹکنالوجی کے ذریعے رائے دہندگان تک پہنچارہی ہے۔ کانگریس پارٹی بھی سماجی رابطوں کے ذریعے رائے دہندگان تک پہنچ رہی ہے۔ امیدوار مختلف سماجی ذرائع ابلاغ کا استعمال کرکے تشہیری وِڈیوز، ریلز اور پیغامات کے ذریعے انتخابی تشہیر کررہے ہیں۔

**** **** *****

وزیرِ اعلیٰ اور بی جے پی رہنماء دیویندر پھڑنویس نے رائے ظاہر کی ہے کہ شیوسینا ادھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے ساتھ سیاسی مفاہمت مہاراشٹر نونرمان سینا کی سب سے بڑی غلطی ہے، اور اس اتحاد میں سب سے زیادہ نقصان ایم این ایس کو ہی اٹھانا پڑے گا۔ وہ ممبئی میں میونسپل انتخابات کی مناسبت سے ذرائع ابلاغ کو دیئے گئے ایک انٹرویو میں مخاطب تھے۔

***** ***** *****

نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار نے خیال ظاہر کیا ہے کہ سیاست میں نظریاتی وابستگی کم ہو رہی ہے اور بیشتر سیاسی جماعتیں اپنے اصل نظریے سے انحراف کر رہی ہیں۔ کل ایک خبر رساں ادارے سے بات کرتے ہوئے پوار نے سیاسی جماعتوں کی جانب سے اپنے حامیوں کو بڑھانے کیلئے مختلف طریقوں کے استعمال پر بھی تشویش کا اظہار کیا۔

***** ***** *****

شیوسینا ادھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے سربراہ ادھو ٹھاکرے اور مہاراشٹر نونرمان سینا کے صدر راج ٹھاکرے نے کل ناسک میونسپل کارپوریشن انتخابات کی تشہیر کیلئے پہلے مشترکہ جلسے سے خطاب کیا۔ دونوں رہنماؤں نے کمبھ میلے کیلئے درختوں کی کٹائی سمیت کئی مسائل پر حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا۔

***** ***** *****

شیوسینا ادھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے رہنماء امباداس دانوے نے دعویٰ کیا ہے کہ راشٹروادی کانگریس، شیوسینا اور مجلس اتحاد المسلمین نے پرلی میونسپل کونسل پر اقتدار کیلئے سیاسی اتحاد کیا ہے۔ تاہم شیوسینا کے ترجمان سنجے شرساٹھ نے ایم آئی ایم سے متعلق اس الزام کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ ایم آئی ایم کو شیوسینا ہی شکست سے دوچار کر سکتی ہے۔ انھوں نے دانوے کو مزید معلومات حاصل کرنے کا بھی مشورہ دیا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

بی جے پی قائد اور محصول کے وزیر چندر شیکھر باون کُڑے نے کل لاتور اور چھترپتی سمبھاجی نگر میں انتخابی تشہیری جلسے کیے۔ دریں اثناء جن سیوا ماتھاڑی اور شرمک کامگار سنگھٹنا نے لاتور میونسپل کارپوریشن کے انتخابات کیلئے کانگریس اور ونچیت بہوجن اگھاڑی اتحاد کی حمایت کی ہے۔ ان تنظیموں کے ذمہ داران نے کل رکنِ اسمبلی امیت دیشمکھ کو تائید و حمایت کا مکتوب سپرد کیا۔

***** ***** *****

معروف مؤرخ ڈاکٹر اوما چکرورتی نے حیدرآباد مکتی سنگرام کی تحریک میں مراٹھواڑہ کی خواتین کے تعاون پر مضامین نگاری کی ضرورت کا اظہار کیا ہے۔ کل چھترپتی سمبھاجی نگر کی ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں قومی سطح کے سمینار میں ڈاکٹر چکرورتی کلیدی خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے اس بات کی طرف توجہ مبذول کروائی کہ یونیورسٹی کے نام تبدیلی کی تحریک میں بھی خواتین کے کردار پر خاطر خواہ توجہ نہیں دی گئی۔ مذاکرے کے دوسرے سیشن میں سماجی کارکن منگل کھیونسرا نے ''مراٹھواڑہ میں نسوانی تحریک اور میڈیا کا کردار'' کے موضوع پر حاضرین کی رہنمائی کی۔

***** ***** *****

پانچ ہندوستانی فلموں' کنتارا - دی لیجنڈ چیپٹر 1، تنوی دگریٹ، مہااوتار نرسمہا، ٹورسٹ فیملی اور سسٹر مڈنائٹ کو آسکر کے بہترین فلموں کے زمرے کیلئے اہل قرار دیا گیا ہے۔ یہ اعلان اکیڈمی آف موشن پکچر نے کیا۔ اس کے علاوہ چار فلمیں دشاوتار، مہامنترا، پیپر فلاور اور پارو عام زمرے کیلئے اہل قرار دی گئی ہیں۔ ان تمام فلموں میں سے آسکر کیلئے نامزد ہونے والی فلموں کی فہرست آئندہ 22 جنوری کو ظاہر کی جائے گی۔

***** ***** *****

بھارت کی سر کردہ بیڈ منٹن کھلاڑی پی وی سندھو کو ملیشین اوپن سپر 1000 ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل میں شکست کا سامنا کرنا پڑا ہے۔سیمی فائنل مقابلے میں انہیں چین کی کھلاڑی نے شکست سے دوچار کیا۔

***** ***** *****

ریاستی سطح کی پہلی دیہی، زرعی اور امدادِ باہمی ادبی کانفرنس آئندہ 14 اور 15 فروری کو رتناگیری ضلعے کے چپلون تعلقے کے مانڈکی پالون میں منعقد ہوگی۔ بزرگ ادیب اور رتناگیری ضلع امدادِ باہمی بینک کے صدر ڈاکٹر تاناجی راؤ چورگے کو اتفاقِ رائے سے کانفرنس کا صدر منتخب کیا گیا ہے۔اس کانفرنس کا مقصد دیہی، زرعی اور امدادِ باہمی کے موضوعات پر نامور ادیبوں کے تخلیق کردہ ادب کو قارئین تک پہنچانا ہے۔

***** ***** *****

سکھ مذہب کے گرو تیغ بہادر کے 350 ویں یوم شہادت کے موقعے پر آئندہ 24 اور 25 تاریخ کو ناندیڑ میں خصوصی پروگرام کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ، اتر پردیش کے وزیرِ اعلی یوگی آدتیہ ناتھ اور دیگر شخصیات اس پروگرام میں شریک ہوں گی۔ناندیڑ کے ضلع کلکٹر راہل کرڈیلے اور شری سچکھنڈ گردوارہ بورڈ کے چیئرمین ڈاکٹر وجئے سنگھ ستبیر سنگھ نے کل ناندیڑ میں ایک صحافتی کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔ایک اندازے کے مطابق اس پروگرام کیلئے ملک بھر سے تقریباً 10 لاکھ عقیدت مند ناندیڑ آئیں گے۔

***** ***** *****

لاتور میونسپل کارپوریشن انتخابات کے پیشِ نظر انتخابی عملے کی دوسری تربیت کل کی گئی۔ یہ تربیت دو نشستوں میں دی گئی۔چھترپتی سمبھاجی نگر میں بھی انتخابی عملے کا دوسرا تربیتی اجلاس کل منعقد ہوا۔دریں اثناء ووٹنگ مشینوں کو سیل کرنے کے کام کا بھی کل سے آغاز ہوگیا۔

***** ***** *****

پربھنی ضلعے کے سیلو میں سنگیت رتن ہری بھاؤ چارٹھانکر موسیقی فیسٹیول کا انعقاد کیا گیا ہے۔سائی ناٹیہ گرہ میں شام ساڑھے پانچ بجے سے اس فیسٹیول کا آغاز ہوگا۔فیسٹیول میں مختلف نامور اور نئے فنکار اپنی گلوکاری، رقص اور موسیقی کے فنون پیش کریں گے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں تین سال میں شیئر مارکیٹ میں سرمایہ کاری پر 15 گنا منافع دینے کا جھانسہ دیکر 83 لاکھ 75 ہزار روپے کی مالی جعلسازی کے معاملے کا انکشاف ہوا ہے۔اس معاملے میں منی پلاٹ گروتھ کمپنی کے مالک سنتوش تکارام کوکاٹے کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

ریاست میں کل سب سے کم درجہ حرارت اہلیانگر میں ساڑھے سات ڈگری سیلسیس درج کیا گیا، جبکہ پونے میں ساڑھے آٹھ ڈگری سیلسیس درجۂ حرارت رہا۔مراٹھواڑہ کے ناندیڑ میں ساڑھے نو ڈگری سیلسیس، چھترپتی سمبھاجی نگر میں ساڑھے دس ڈگری سیلسیس' دھاراشیو اور پربھنی میں گیارہ اعشاریہ دو ڈگری سیلسیس درجہ حرارت درج ہوا۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::

**اور آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...**

☆ پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کا آئندہ 28 جنوری سے ہوگا آغاز۔

☆ راشٹریہ جنتا دَل کے سربراہ لالو پرساد یادو کے خلاف الزامات طئے کرنے کا دہلی کی عدالت کا حکم۔

☆ میونسپل انتخابات کی تشہیر کیلئے سیاسی جماعتوں کا ڈیجیٹل تشہیر پر زور۔

اور۔۔۔ ☆ حیدرآباد مکتی سنگرام کی جدوجہد میں خواتین کے تعاون پر جامع تحریروں کی ضرورت -معروف مؤرخ ڈاکٹر اوما چکرورتی کا اظہارِ خیال۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****